چند قدیم طلبائے علم اور حضرت صوفی صاحب کے خاص خدام اور ان کے دستِ راست مولانا عبدالقادر ندوی' قاضی محمد اسلم سیف' مولانا صوفی عائش محمد' غازی عبدالکریم مجاہد آبادی' مولانا محمد دین مجاہد' سید ابوبکر غزنوی' پروفیسر چوہدری ظفر اللہ' ڈاکٹر راشد رندھاوا اور مولانا سلیمان وزیرآبادی پر تفصیلی مضامین کتاب میں شامل ہیں۔

کتاب کا ایک دلچسپ باب حضرت صوفی صاحب کی قبولیت دعا کے واقعات پر مشتمل ہے۔ اس میں مولانا بھٹی صاحب نے ۵۹ واقعات بیان کیے ہیں۔ کتاب کے ایک باب میں صوفی صاحب کے اوراد و وظائف بھی لکھے گئے ہیں۔ بلاشبہ یہ کتاب ہماری جماعتی تاریخ کا ایک روشن باب ہے۔ اس میں صوفی صاحب کے خلوص' ایثار' للّٰہیت' تقویٰ و پرہیزگاری' جہادی کارناموں اور جامعہ تعلیم الاسلام کیلئے بے پناہ خدمات کے واقعات کو نہایت خوبصورتی سے ضبط کتابت میں لایا گیا ہے۔ اس کے ایک ایک لفظ سے خلوص کی خوشبو آ رہی ہے۔

میں قارئین ذی احترام اور جماعت اہل حدیث کے افراد سے گزارش کروں گا کہ وہ اس ولی کامل اور مستجاب الدعوات بزرگ کہ جس نے اوڈاں والا جیسے گمنام گاؤں میں تعلیم وتعلم کا سلسلہ شروع کر کے اس گاؤں کی شہرت کو چار چاند لگا دیئے' کی دینی خدمات' مجاہدانہ تگ و تاز اور ان کے لیل ونہار سے آگاہی کیلئے اس کتاب کا مطالعہ ضرور فرمائیں۔

حضرت صوفی صاحب مرحوم سے متعلق یہ کتاب لکھ کر بھٹی صاحب نے بہت بڑا کارنامہ سرانجام دیا ہے۔ یہ کتاب کئی حادثات کے بعد منظر عام پر آئی ہے۔ کتاب کی کمپوزنگ خوبصورت' کاغذ اعلیٰ' چھپائی عمدہ' جلد بندی مضبوط اور ٹائٹل جاذب نظر ہے۔ ان سب خوبیوں سے آراستہ اس کتاب کی قیمت ۲۷۰ روپے بہت مناسب ہے۔ شاکرین نے اس کتاب کی طباعت میں بڑی محنت کی ہے اور اعلیٰ معیار کو ملحوظ رکھنا ہے۔

کتاب ملنے کا پتہ ہے دارالکتب سلفیہ ۳ شیش محل روڈ لاہور۔ یہ کتاب معلومات کا ایک بحرِ ذخار ہے' ایک گزرے ہوئے کارواں کے نقوش ہیں۔ کسی فارسی شاعر نے سچ کہا ہے کہ ؎

کارواں رفتہ و اندازہ جاہش پیداست
زاں نشان ہا کہ بہ ہر راہگزار افتادست

اللہ تعالیٰ مصنف' ناشر اور جن احباب نے اس کتاب کی اشاعت میں تعاون فرمایا' ان سب کو اجر عظیم دے۔ آمین۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ماہنامہ ضیائے حدیث سوہدرہ' سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر اشاعت خاص

ماہنامہ ضیائے حدیث سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ سے شائع ہونے والا ایک عمدہ رسالہ ہے۔ اس رسالے کے مدیر مولانا محمد ادریس فاروقی صاحب مولانا حکیم عبدالمجید سوہدروی کے پوتے ہیں اور کئی علمی وتحقیقی کتابوں کے مصنف ہیں۔ ان کا علمی ذوق نہایت عمدہ ہے۔ کئی سال سے وہ سوہدرہ سے ماہنامہ ضیائے حدیث شائع کر رہے ہیں۔ ماہ اپریل میں انہوں نے سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم پر ضیائے حدیث کی اشاعت خاص شائع کی ہے۔ ۱۴۴ صفحات پر پھیلی اس اشاعت خاص میں ۳۰ سے اوپر مضامین ہیں۔ ان میں نبی علیہ السلام کی سیرت طیبہ کے مختلف گوشوں کو خوبصورتی سے اجاگر کیا گیا ہے۔ اہل ذوق کیلئے ایک خوبصورت تحفہ ہے۔ ضیائے حدیث کے اس سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم نمبر کی قیمت ۴۰ روپے ہے۔ اسے دفتر ضیائے حدیث سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ سے منگوایا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تعارف سنن ابن ماجہ اور اس کی شرح انجاز الحاجہ

سنن ابن ماجہ' حدیث شریف کی مشہور کتاب ہے۔ کچھ عرصہ پہلے جماعت اہل حدیث کے معروف عالمِ دین شیخ الحدیث مولانا محمد علی جانباز حفظہ اللہ نے ۱۳۔ جلدوں میں اس کی جامع شرح عربی زبان میں لکھی ہے اور اب تک اس کی کئی جلدیں شائع ہو چکی ہیں۔ ابن ماجہ کی یہ جامع اور مبسوط شرح ہے جس نے اہل علم سے دادوتحسین اور قدرومنزلت حاصل کی ہے۔ ہمارے دوست جناب ملک عبدالرشید عراقی صاحب نے ۴۸ صفحات کے اس رسالے میں سنن ابن ماجہ اور اس کی شرح انجاز الحاجہ کا تعارف پیش کیا ہے اور اس ضمن میں برصغیر کے علمائے اہل حدیث کی خدمات حدیث پر روشنی ڈالی ہے۔ ساتھ ہی ساتھ عراقی صاحب نے مولانا محمد علی جانباز صاحب کے سوانحی حالات بھی بیان کیے ہیں اور ان کی تصانیف کا تعارف پیش کیا ہے۔ یہ مختصر سا رسالہ بڑا معلوماتی ہے۔ اسے ادارہ جامعہ رحمانیہ ناصر روڈ سیالکوٹ کی طرف سے شائع کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

سیرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا

سیرت فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا حضرت مولانا عبدالمجید خادم سوہدروی رحمۃ اللہ علیہ کی معروف کتاب ہے۔ اس میں محبت وعقیدت سے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کے ابتدائی حالات' تعلیم وتربیت' تقویٰ و پرہیزگاری' ذوق عبادت' خدمت خلق' سادگی' سخاوت' سوتیلی ماؤں کی اطاعت' شوہر کی فرمانبرداری' عزیز و اقرباء سے حسنِ سلوک ایسے واقعات لکھے گئے ہیں۔ اپنے موضوع پر یہ ایک عمدہ کتاب ہے۔ خواتین کو چاہئے کہ اس کتاب کے مطالعے سے سیرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا خوبصورت عکس دیکھ کر اپنی زندگی کو ہر طرح سے اسلامی سانچے میں ڈھالنے کی کوشش کریں۔ اللہ عمل کی توفیق دے۔ آمین۔

کتاب مواد اور طباعت کے لحاظ سے معیاری ہے۔

قیمت ۶۰ روپے۔ ضخامت: ۱۴۴۔ صفحات

ملنے کا پتہ ہے مسلم پبلیکیشنز سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ